# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ کیمسٹری)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالبعلم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2025 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2026 | مشق نمبر1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2026 | مشق نمبر2 | 20-02-2026 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔

کورس: کیمسٹری کی لیبارٹری تکنیکیں (258) سمسٹر: خزاں 2025ء

سطح: میٹرک

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

**(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)**

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر: 100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر 1

**(یونٹ: 1 تا 3)**

**نوٹ: تمام سوالات کے جواب تحریر کریں۔ جہاں ضرورت ہو اشکال کی مدد سے وضاحت کریں۔**

سوال نمبر 1۔ تجربات کی مدد سے مادے کی مختلف حالتوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ ردافورڈ کی ایٹمی ماڈل کے نقائص بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مرکب کیا ہوتے ہیں؟ مرکب کی مختلف اقسام اور خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ کیمیائی مساوات کیا ہوتی ہے؟ مثالوں کی مدد سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ کیمسٹری لیبارٹری میں لیبارٹری اسسٹنٹ کے کردار پر روشنی ڈالیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

**(یونٹ: 4 تا 6)**

کل نمبر: 100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:40

**نوٹ: تمام سوالات کے جواب تحریر کریں۔ جہاں ضروری ہو اشکال کی مدد سے وضاحت کریں۔**

سوال نمبر 1۔ ارتکاز کے لحاظ سے تیزاب اور اساس کی اقسام مثالوں کی مدد سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ محلول کیا ہوتے ہیں؟ محلول کی اقسام کی وضاحت مثالوں کی مدد سے کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ کیمسٹری لیبارٹری میں استعمال ہونے والے کوئی سے دس سامان کے استعمال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اشکال کی مدد سے کسی بھی ٹھوس کے میلٹنگ پوائنٹ کو معلوم کرنے کا طریقہ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ کیمیا کی لیبارٹری میں کیمیکلز کی درجہ بندی پر روشنی ڈالیں۔ (20)